



## مشق

الفاظ بنائیں اور تشدید لگائیں۔

ب + چ + چ + ے = ______

ا + م + م + ی = ______

ا + چھ + چھ + ا = ______

پ + تھ + تھ + ر = ______

م + ک + ک + ہ = ______


س + چ + چ + ا = ______

ب + ل + ل + ی = ______

م + چھ + چھ + ر = ______

ا + ب + ب + و = ______

ع + ز + ز + ت = ______



# میرا خُدا

خاص الفاظ: خُدا روشنی بسائی دُنیا تازگی

جس نے بنائی دُنیا
جس نے بسائی دُنیا
ہاں وہ مِرا خُدا ہے

اس نے بنائے سارے
یہ چاند اور تارے
سورج کو روشنی دی
پھولوں کو تازگی دی
ہاں وہ مِرا خُدا ہے

(صوفی تبسّم)



# مشق





پڑھیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| خُدا | روشنی | بسائی | دُنیا |
| تارے | سورج | تازگی | چاند |


جس نے بنائی دُنیا جس نے بسائی دُنیا

## زبانی جواب دیں :

(1) دُنیا کس نے بنائی ہے؟

(2) سب چیزیں اللہ نے بنائی ہیں۔ اپنے اردگرد دیکھیں اور اللہ کی بنائی ہوئی پانچ چیزوں کے نام بتائیں۔

(3) دی ہوئی تصویر میں رنگ بھریں اور خالی جگہ میں چیزوں کے نام لکھیں۔







# نعت

خاص الفاظ : فِدا حقیقت پہُنچنا
مُدّعا ہمیشہ آرزو

ہمارے نبیؐ احمد مصطفیٰؐ ہیں

فِدا اُن پہ ہم وہ رسولِؐ خُدا ہیں

حقیقت کی صُورت دکھائی اُنھوں نے

خُدا تک پہنچنے کا ، وہ راستہ ہیں

ہمیشہ رہے نام اُن کا زباں پر

وہی آرزو ہیں ، وہی مُدّعا ہیں

(قیوم نظر)



## مشق





پڑھیں

نبیؐ    ہیں    ہم    کی    نے    نام    راستہ

ہمارے نبیؐ احمد مصطفیٰؐ ہیں    ہمیشہ رہے نام اُن کا زباں پر

(1) نیچے دیے ہوئے الفاظ سے ملتی جلتی آوازوں والے الفاظ نعت میں ڈھونڈیں۔

(i) پیارے ________

(ii) میں ________

(iii) کام ________

(iv) تر ________

(v) کہے ________

(2) آپ اپنے استاد/گھر والوں سے نیچے دیے ہوئے سوال پوچھیں۔سب بچے جماعت میں اپنے جواب بتائیں:

(i) ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا کیا نام تھا؟

(ii) ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

(iii) ہمارے پیارے نبیؐ کی ایک پیاری عادت بتائیں؟




# الف بائی ترتیب

الف بائی ترتیب کا مطلب ہے کہ لفظوں کو حروفِ تہجّی کی ترتیب سے لکھنا یعنی سب سے پہلے 'ا' پھر 'ب' پھر 'پ' پھر 'س' پھر 'گ'

| |
|---|
| پانی ۔ گاجر ۔ بلّی ۔ سیب۔ انار |

الف بائی ترتیب کے ساتھ ان لفظوں کو یوں لکھنا چاہیے ۔

(1) انار

(2) بلّی

(3) پانی

(4) سیب

(5) گاجر

کیونکہ انار ''ا'' سے شروع ہوتا ہے، بلّی ''ب'' سے اور پانی ''پ'' سے ۔

نیچے لکھے ہوئے بچوں کے ناموں کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

علی - آمنہ - مریم - احمد - سارہ

(1) ________ (2) ________ (3) ________

(4) ________ (5) ________

نیچے لکھی ہوئی سبزیوں کے نام الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

ٹِماٹر - شَلجم - اَروی - پَالک - توری

(1) ________ (2) ________ (3) ________

(4) ________ (5) ________







# اچھا سلوک

خاص الفاظ : بوڑھی - پتھر - تکلیف - سلوک - تن درست - تیمار داری

ایک بوڑھی عورت مکّہ میں رہتی تھی۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب بھی اس کے گھر کے سامنے سے گزرتے وہ آپؐ پر کوڑا پھینک دیتی۔ کبھی پتھر اور کبھی کانٹے آپؐ کے راستے میں بچھاتی۔ ہر طرح سے آپؐ کو تکلیف پہنچاتی لیکن آپؐ اُسے کچھ نہ کہتے تھے۔





ایک دن ہمارے پیارے نبیؐ اُس راستے سے گزرے تو کسی نے اُن کے اُوپر کوڑا نہیں پھینکا۔ دوسرے دن بھی ایسا ہی ہوا۔ آپؐ کو معلوم ہوا کہ کوڑا پھینکنے والی عورت بیمار ہے۔ آپؐ اُس کے گھر گئے۔ آپؐ نے اُسے کھانا کھلایا۔ جب تک وہ تن درست نہیں ہوئی آپؐ اس کی تیمارداری کے لیے جاتے رہے اور اُس کا بہت خیال رکھتے رہے۔

رسول اللہ ﷺ کے اِس اچھے سلوک کی وجہ سے وہ عورت مسلمان ہوگئی۔

پیارے بچّو! ہمارے کریم نبی ﷺ اپنے دشمنوں سے بھی اچھّا سلوک فرماتے تھے۔

## مشق



پڑھیں

بوڑھی   گھر   پتھر   تکلیف   سلوک   مکّہ

عورت   کوڑا   بیمار   کھانا   اسلام

ایک بوڑھی عورت مکّہ میں رہتی تھی۔

وہ آپؐ پر کوڑا پھینک دیتی۔

آپؐ نے اسے کھانا کھلایا۔





(1) زبانی جواب دیں:

(i) بوڑھی عورت کہاں رہتی تھی؟

(ii) ہمارے نبی ﷺ بوڑھی عورت کے گھر کیوں گئے؟

(iii) آپ کو اس واقعے سے کیا سبق ملا؟

(2) حروف الگ کریں۔ ہمارے = ہ + م + ا + ر + ے

| الفاظ | الگ کریں | الفاظ | الگ کریں |
|---|---|---|---|
| عورت | | راستے | |
| اِسلام | | بیمار | |
| کانٹے | | سلوک | |

(3) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

(i) بوڑھی عورت مدینہ میں رہا کرتی تھی ۔ ____________

(ii) ہمیں لوگوں سے اچھّا سلوک کرنا چاہیے ۔ ____________